سوال

(507) بلند آواز سے آمین کہنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کسی حدیث میں آتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پیغمبر اسلام کے پیچھے اونچی آواز میں آمین کہتے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں احادیث سے ثابت ہے کہ صحابہ کرامؓ آپﷺ کی اقتدا میں آمین بآوازِبلند پکارتے تھے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ

''عبداللہ بن زبیرؓ اوران کے مقتدی اتنی بلند آواز سے آمین کہا کرتے تھے کہ مسجد گونج اُٹھتی تھی۔'' صحیح البخاری، باب جهرِ الإمام بِالتَّأمِین، قبل رقم:۷۸۰

ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا:

'إِذَا أَمَّنَ الإِمَامُ فَأَمِّنُوا' صحیح البخاری، باب جهرِ الإمام بِالتَّأمِین، رقم:۷۸۰ ''

جب امام آمین کہے۔ تم بھی آمین کہو۔ ''

اوردوسری روایت میں بخاری کے الفاظ یوں ہیں : 'إِذَا أَمَّنَ القَارِی فَأَمِّنُوا' صحیح البخاری، بابُ التَّأمِین، رقم:٦۴٠٢ ''

جب قاری آمین کہے۔ تم بھی کہو۔ ''

ظاہر ہے کہ رسول اللہﷺ امام تھے اورصحابہ رضی اللہ عنہم مقتدی تھے سب اکٹھے آمین پکارتے تھے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :428

محدث فتویٰ